© rasailojaraid.com



مقرر فرمایا۔ آپ نے ۱۹۶۲ء میں ایوب خان کے خلاف تحریک میں بھرپور حصہ لیا۔ تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء اور ۱۹۸۴ء میں قائدانہ کردار ادا کیا۔ وہ خشک صوفی نہ تھے۔ جید عالمِ دین اور وسیع المطالعہ تھے۔ انہوں نے خطبۂ جمعہ اور شب جمعہ کی مجلس ذکر میں بیان کو بڑے اہتمام سے جاری رکھا۔ انہیں کوئی شائع کردے تو بہتوں کا بھلا ہوگا۔ ۱۹۵۳ء میں اپنے والد گرامی شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے ایما پر ہفت روزہ ''خدام الدین'' جاری کیا جو تادم زیست جاری رہا۔ عملی زندگی میں سیاسی اور تحریکی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ آپ کے قول اور فعل میں تضاد نہ تھا۔ میدان سیاست میں بھی آپ حق گوئی اور بے باکی کا مظہر تھے۔ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی نے اپنے مرشد مولانا سید جاوید حسین شاہ صاحب مدظلہٗ کے حکم وفرمائش پر اس کتاب کو مرتب کیا۔ شاہ صاحب مدظلہٗ، حضرت مولانا عبیداللہ انور رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہیں۔ کتاب کو آٹھ ابواب پر تقسیم کیا گیا ہے۔ چہار رنگے خوبصورت ٹائٹل سے مزین ہے۔ کتاب میں مولانا عبیداللہ انور کا فقر، استقامت، تقویٰ، سیاست، ذہانت، توکل، اخلاق وعادات، سخاوت اور آپ کے شب وروز محفوظ کردیے گئے ہیں۔ مولانا عبیداللہ انور ایک ہمہ جہت اور بھرپور شخصیت تھے۔ مولانا کی شخصیت پر ایک بھرپور کتاب کی ضرورت ابھی باقی ہے۔ تاہم مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی کی یہ مخلصانہ کوشش قابلِ تحسین ہے۔

● **نام کتاب:** اشاریہ ماہنامہ ''الرحیم'' ''الولی'' حیدرآباد (جون ۱۹۶۳ء تا جون ۲۰۰۷ء)

مرتب: محمد شاہد حنیف　　قیمت: ۴۰۰ روپے　　صفحات: ۲۱۴

ہر چیز کی ترقی کے ساتھ ساتھ ہر موضوع پر اس قدر لٹریچر شائع ہو رہا ہے کہ سب کا احاطہ کرنا مشکل کام ہے۔ ان حالات میں کتب یا رسائل کی اتنی بڑی تعداد میں خاص موضوع تک رسائی اس سے بھی زیادہ مشکل امر ہے۔ اسی مشکل کو حل کرنے کے لئے محققین نے ان کے اشاریے تیار کرنے کا فن ایجاد کیا ہے۔ جس کی مدد سے ہم اپنے مطلوبہ موضوع تک رسائی کرسکتے ہیں۔ ماہنامہ ''الرحیم الولی'' کا مشترکہ اشاریہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ اشاریہ بھی جناب شاہد حنیف کا تیار کردہ ہے۔ اس میں جون ۱۹۶۳ء سے لے کر جون ۲۰۰۷ء تک شائع ہونے ''الرحیم'' اور ''الولی'' کے شمارے شامل کیے گئے ہیں۔ اس اشاریے سے علامہ غلام مصطفیٰ قاسمی سے وابستہ موضوعات پر تحقیق کرنے میں بہت مدد ملے گی۔

(مبصر: مولوی اخلاق احمد)

● **نام کتاب:** آسمانی صحائف اور قرآن کریم　مؤلف: مشتاق احمد قریشی

ضخامت: ۵۱۲ صفحات　　قیمت: ۵۰۰ روپے

ناشر: نئے افق پبلی کیشنز۔ ۷۔ فرید چیمبرز عبداللہ ہارون روڈ کراچی 021-35620771-0300-8264242

دستورالعمل اور ضابطہ حیات کے اعتبار سے اسلام جتنا مالا مال اور امیر ہے اتنا دنیا کا کوئی اور دین یا مذہب نہیں کیونکہ اسلام کا دستورِ حیات ''حفاظتِ خداوندی'' کے سخت پہرے میں ہے جبکہ دیگر مذاہب کے دستور یا قانونی کتابیں



© rasailojaraid.com